ویکیپیڈیا
آزاد دائرۃ المعارف

المنتقی ابن الجارود

https://ur.wikipedia.org/s/c5qw

المنتقی ابن الجارود

موضوع	حدیث

درستی (https://ur.wikipedia.org/w/index.php?title=%D8%A7%D9%84%D9%85%D9%86%D8%AA%D9%82%DB%8C_%D8%A7%D8%A8%D9%86_%D8%A7%D9%84%D8%AC%D8%A7%D8%B1%D9%88%D8%AF&action=edit&section=0) - ترمیم (https://ur.wikipedia.org/w/index.php?title=%D8%A7%D9%84%D9%85%D9%86%D8%AA%D9%82%DB%8C_%D8%A7%D8%A8%D9%86_%D8%A7%D9%84%D8%AC%D8%A7%D8%B1%D9%88%D8%AF&veaction=edit)

المنتقی ابن الجارود کے مؤلف حافظ المسنِد ابو محمد، عبد اللہ بن علی بن الجارود، النیسابوری متوفی 307ھ ہیں۔ **المنتقى** یا **المنتقى في السنن المسندة** یا **المنتقى في السنن** حدیث نبوی کے اہم مجموعوں میں سے ایک کتاب ہے، جسے ابن الجارود نے تصنیف کیا۔ یہ کتاب فقہی ابواب کی ترتیب کے مطابق مرتب کی گئی ہے اور اس میں احکامِ فقہیہ کے دلائل درج ہیں۔ اس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ احادیث جمع کی گئی ہیں جو حلال و حرام جیسے فقہی مسائل سے متعلق ہیں۔ محدث امام ذہبی نے اس کتاب کے بارے میں اپنی معروف تصنیف سیر أعلام النبلاء میں یوں تبصرہ کیا:

> "المنتقی" ایک مجلد کتاب ہے جس میں احکامِ شریعت سے متعلق احادیث درج ہیں اور اس میں اکثر احادیث درجہ حسن سے کم نہیں اور جو کم تر ہیں وہ بھی نقادِ حدیث کے درمیان محلِ اجتہاد ہیں۔[1]

- کتاب کے بہت سے نام شہرت رکھتے ہیں
- عام علما اسے مختصر طور پر(المنتقی) کہتے ہیں
- ابن خیر نے اسے (المنتقی فی السنن المسندۃ)لکھا ہے
- امام ذہبی نے : (المنتقی فی السنن) لکھا جبکہ مختصر نام (السنن) لکھا ہے
- امام الکتانی نے : (المنتقی من السنن المسندۃ عن رسول اللہ) لکھا ہے،
- ایک قدیم مخطوطہ میں اس کا نام (المنتقی من السنن المسندۃ عن سیدنا المصطفی)بھی لکھا ہے
- ابن عبد الھادی نے اپنی کتاب طبقات علما الحدیث میں اسے نظیف الأسانید کہا ہے۔
- علامہ ذہبی نے السیر میں : کبھی کوئی ان کے مرتبہ تک نہ پہنچ سکے گا
- اس کتاب میں مندرجہ ذیل احادیث ہیں
- 1 – احادیث صحیحہ(934) حدیثیں .
- 2 – حسن لذاتہ (84) حدیثیں .
- 3 – حسن لغیرہ (96) حدیثیں .[2]

احادیث کی تعداد

کتاب میں شامل کل احادیث کی تعداد **1114** ہے، تفصیل درج ذیل ہے:[3]

- صحیح احادیث: 934
- حسن لذاتہ احادیث: 84

- حسن لغیره احادیث: 96

شیوخ ابن الجارود

دار التأصیل کی طباعت کے مطابق کل روایات کی تعداد **1131** اور شیوخ کی تعداد **106** ہے۔[4]

شیوخ کی ترتیب (روایات کی تعداد کے لحاظ سے)

#	شیخ	روایات کی تعداد
1	الذهلي	418
2	محمد بن يزيد	125
3	عبد الله بن هاشم	80
4	ابن خشرم	67
5	محمود بن آدم	58
6	الأشج	37
7	محمد بن عبد الله بن الحكم	32
8	الكوسج	29
9	الدورقي	27
10	بحر بن نصر	25
11	أحمد بن يوسف	19

حوالہ جات

1. سير أعلام النبلاء، الحافظ الذهبي، 14/239.
2. المنتقى من السنن المسندة مؤلف : عبد الله بن على بن الجارود، ابو محمد النيساپورى
3. الإمام الحافظ ابن الجارود وكتابه المنتقى (https://www.alukah.net/culture/0/32805/)، شبكة الألوكة، محفوظ شدہ نسخہ: آرکائیو (https://web.archive.org/web/20170502115739/http://www.alukah.net/culture/0/32805/)
4. عبد الله بن علي ابن الجارود؛ تحقيق مركز البحوث بالدار (1435هـ). "مقدمة التحقيق". المنتقى من السنن المسندة عن رسول الله (1 ایڈیشن). دار التأصيل. ج 1. ص 21–26، 51 {{حوالہ کتاب}}: نامعلوم پیرامیٹر |مقام اشاعت= رد کیا گیا (معاونت)

اخذ کردہ از «https://ur.wikipedia.org/w/index.php?title=المنتقى_ابن_الجارود&oldid=8731351»